آستان عالیہ پر آج دن بھر نماز پنجگانہ کے بعد موئے شریف کی زیارت کرائی جارہی ہے۔اسی طرح کی تقریبات درگاہ غوثیہ سرائے بالا اور راہباب صاحب عالی کدل میں بھی منعقد ہورہی ہیں۔

## آزاد

سینئر سیاستداں اور جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے یوٹی میں درگاہوں اور زیارتگاہوں کی مثالی ترقی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی کی کوششوں کی سراہنا کی ہے۔درگاہ حضرتبل میں حاضری کے دوران غلام نبی آزاد نے کہا کہ یہ آثار شریف پورے ملک کیلئے ایک نمونہ بن سکتا ہے۔

## IGP

IGP کشمیر سبجیت کمار نے ضلع بانڈی پورہ کا دورہ کرکے وہاں جرائم سے نمٹنے،امن وقانون اور سلامتی کے موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ان کے ہمراہ شمالی کشمیر کے ڈی آئی جی ڈاکٹر ونود کمار بھی تھے۔اس سلسلے میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران SSP بانڈی پورہ اعجاز احمد زرگر نے آئی جی پی کشمیر کو ضلع کے مجموعی سلامتی منظرنامے اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی۔

## فٹبال

جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے سرینگر میں TRC سنتھیٹک فٹبال ٹرف پر سب جونیئر بوائز فٹبال کے یوٹی سطح کے ٹرائلز منعقد کیے گئے۔ٹرائلز کا مقصد نیشنل فٹبال چیمپئن شپ 2026 کیلئے جموں وکشمیر کی ٹیم کا انتخاب کرنا ہے۔اس ٹرائل میں یوٹی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان کھلاڑیوں نے شرکت کی۔اس موقع پر اسپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت مختار کاوسہ بھی موجود تھیں۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

